**IESCO PRESS RELEASE** آئیسکو پریس ریلیز

Public Relation Section

**Email: pr@iesco.com.pk Ph/Fax: 051-9252889 Exchange: 051-9252937-9(Ext:321)**

# روشن معیشت بجلی پیکج صنعتی اور زرعی ترقی کی جانب اہم اقدام

## آئیسکو فیلڈ افسران چیمبر آف کامرس / بزنس کمیونٹی کو بجلی پیکج ریلیف کے بارے میں مکمل آ گاہی فراہم کریں

## چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود

چیف ایگزیکٹو آئیسکو انجینئر چوہدری خالد محمود نے فیلڈ فارمیشنز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف اور وفاقی وزیر توانائی سردار اویس احمد خان لغاری کی جانب سے صنعتی اور زرعی صارفین کے لئے تین سالہ رعائتی بجلی نرخوں کے روشن معیشت بجلی پیکج کے بارے میں آ گاہی مہم کا آغاز کریں اور وہ چیمبر آف کامرس / بزنس کمیونٹی، زرعی تنظیموں، صنعت کاروں اور دیگر صارفین سے ملیں اور وزیر اعظم پاکستان کی جانب سے فراہم کردہ اس روشن معیشت بجلی پیکج ریلیف کے فوائد سے انہیں آ گاہ کریں۔ جس کے تحت صنعتی اور زرعی صارفین کو تین سال کے لئے اضافی بجلی کے استعمال پر رعائتی نرخ 22.98 روپے فی یونٹ بجلی فراہم کی جائے گی جو پہلے 38 روپے فی یونٹ تھی انہوں نے مزید کہا کہ آئیسکو حکومت کی پالیسیوں پر مؤثر انداز میں عمل درآمد کے ذریعے صارفین کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے لئے کوشاں ہے۔ مزید معلومات کے لیے صارفین آئیسکو کے متعلقہ دفاتر سے رجوع کر سکتے ہیں۔